حجۃ الاسلام و المسلمین شیخ عبدالامیر قبلان کی وفات پر تعزیتی پیغام - 7 /Sep/ 2021

www.Leader.ir

آیۃ اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے حزب اللہ لبنان کے سیکریٹری جنرل کے نام ایک پیغام میں لبنان کے شیعوں کی سپریم اسلامی کونسل کے سربراہ حجۃ الاسلام و المسلمین شیخ عبدالامیر قبلان کی وفات پر تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر انقلاب اسلامی کے تعزیتی پیغام کا متن مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حجۃ الاسلام و المسلمین جناب آقای سید حسن نصر اللہ دامت برکاتہ

مجاہد عالم دین مرحوم حجۃ الاسلام و المسلمین جناب شیخ عبدالامیر قبلان رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر میں ان کے معزز خاندان، سپریم اسلامی کونسل کی گرانقدر تنظیم، مرحوم کے تمام دوستوں اور چاہنے والوں اور لبنان کے تمام شیعوں کی خدمت میں تعزیت پیش کرتا ہوں۔ مرحوم استقامت کے محاذ اور خود آپ کے لیے ایک گرانقدر اور باوفا دوست تھے اور انھوں نے لبنان میں اعلی اہداف کی خدمت میں ایک بابرکت عمر گزاری۔ ان کی وفات، باعث رنج و افسوس ہے۔ میں خداوند عالم سے مرحوم کے لیے رحمت و مغفرت کی دعا کرتا ہوں۔ سید علی خامنہ ای

6 ستمبر 2021